

2

روزنامہ ورق تازہ

حالاتِ حاضرہ

दैनिक वरक-ए-ताजा

21 May 2025




# ’آپریشن سندور پر تبصرہ کرنے پر‘ پروفیسر علی خان محمود آباد کی گرفتاری

## ’یہ پوسٹ انڈیا کی سالمیت کو کیسے خطرے میں ڈال رہی ہے؟‘

**دلنواز پاشا**

انڈیا اور پاکستان کے درمیان حالیہ تنازعے کے دوران کرنل صوفیہ قریشی اور ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ کی پریس بریفنگ کے حوالے سے سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے والے پروفیسر علی خان محمود آباد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔اس گرفتاری کے خلاف سوشل میڈیا پر گرما گرم بحث جاری ہے اور اس حوالے سے انڈیا میں ‘اشوکا یونیورسٹی ٹاپ ٹرینڈز میں شامل ہے۔ان کی گرفتاری دہلی سے ملحقہ ریاست ہریانہ کی سونی پت پولیس کے ہاتھوں مقامی باشندے یوگیش کی شکایت کی بنیاد پر عمل میں لائی گئی ہے۔ ہریانہ پولیس نے پروفیسر علی خان کے خلاف ’دو برادریوں کے درمیان منافرت‘ پیدا کرنے کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔پروفیسر علی خان ہریانہ کی اشوکا یونیورسٹی میں ایسوسی ایٹ پروفیسر ہیں۔ ان کی اہلیہ نے بی بی سی کو بتایا کہ پولیس اتوار کی صبح تقریباً ساڑھے چھ بجے ان کے گھر پہنچی اور پروفیسر علی خان کو اپنے ساتھ لے گئی۔اس سے قبل اس معاملے میں ہریانہ ریاست میں خواتین کی کمیشن نے بھی پروفیسر علی خان کو سمن جاری کر کے ان سے جواب طلب کیا تھا جس کے خلاف بہت سے لوگوں نے اپنا احتجاج بھی ریکارڈ کروایا ہے۔

### پورا معاملہ کیا ہے؟

اس معاملے میں بی بی سی کے نامہ نگار چندن کمار ججواڑے نے شکایت کنندہ یوگیش سے بات کی ہے۔یوگیش نے کہا ہے کہ وہ جٹھیڑی گاؤں کے سرپنچ بھی ہیں اور یہ کہ انھوں نے ہی اس معاملے میں ایف آئی آر درج کروائی ہے۔یوگیش نے کہا ہے کہ وہ بی جے پی کے رکن بھی ہیں حالانکہ ان کا کہنا ہے کہ اس معاملے کا پارٹی سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔خیال رہے کہ 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب پاکستان کے خلاف انڈین فوج کے ‘آپریشن سندور کے بعد خارجہ سیکریٹری وکرم مصری کے ساتھ کرنل صوفیہ قریشی اور ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ نے پریس بریفنگ میں معلومات دی تھیں۔اس کے بعد آٹھ مئی کو پروفیسر علی خان محمود آباد نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ لکھی تھی۔ اس پوسٹ میں انھوں نے کرنل صوفیہ قریشی اور ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ کو پریس بریفنگ میں بھیجنے کے بارے میں لکھا تھا۔اس کے علاوہ پروفیسر علی خان نے اپنی پوسٹ میں انڈیا- پاکستان تنازع اور ’جنگ کا مطالبہ کرنے والوں‘ کے جذبات کے بارے میں بھی لکھا اور جنگ کے نقصانات بھی بتائے۔

### ہریانہ سٹیٹ ویمن کمیشن کا سمن

ہریانہ سٹیٹ ویمن کمیشن نے ان کی پوسٹ کا ازخود نوٹس لیا اور انھیں 12 مئی کو سمن جاری کیا۔ اس سمن میں کہا گیا کہ ان کا بیان مسلح افواج میں خواتین کی مبینہ طور پر توہین اور فرقہ وارانہ منافرت کو ہوا دے رہا ہے۔ ہریانہ ویمن کمیشن نے اپنے نوٹس میں چھ نکات کا



تذکرہ کیا اور ساتھ ہی ’کرنل صوفیہ قریشی اور ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ سمیت یونیفارم میں خواتین کی توہین کرنے اور انڈین مسلح افواج میں پیشہ ور افسران کے طور پر ان کے کردار کو کمزور دکھانے‘ کے بارے میں بھی بات کی گئی ہے۔اس کے علاوہ ہریانہ ویمن کمیشن نے پروفیسر علی خان کو کمیشن کے سامنے پیش ہونے کے لیے 48 گھنٹے کا وقت دیا اور ان سے تحریری جواب بھی طلب کیا ہے۔اس کے بعد پروفیسر علی خان کے وکلا نے ان کی جانب سے خواتین کمیشن کو تحریری جواب دیا۔جواب میں انھوں نے آئین کے آرٹیکل 19 (1) کے تحت اظہار رائے کی آزادی کا حوالہ دیا۔ پروفیسر علی خان کے وکلا نے کہا کہ وہ تاریخ اور سیاسیات کے پروفیسر ہیں اور انھوں نے یہ بیانات ’اپنی علمی اور پیشہ ورانہ مہارت کا استعمال کرتے ہوئے‘ دیے ہیں اور جسے ’غلط سمجھا گیا ہے۔‘ سنیچر یعنی 17 مئی کو ہریانہ کے سونی پت کے مقامی باشندے یوگیش نے پروفیسر علی خان کے ان بیانات کے حوالے سے ایف آئی آر درج کروائی تھی۔اس شکایت کی بنیاد پر ہریانہ پولیس نے انھیں گذشتہ روز اتوار کو گرفتار کرلیا۔ ہریانہ پولیس نے پروفیسر علی خان کے خلاف تعزیرات ہند کی دفعہ 196 (1) بی، 197 (1) سی، 152 اور 299 کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔

### پروفیسر علی خان نے کیا کہا؟

آٹھ مئی کو کی گئی ایک پوسٹ میں پروفیسر علی خان نے لکھا: ’میں بہت سے دائیں بازو کے مبصرین کو کرنل صوفیہ قریشی کی تعریف کرتے ہوئے دیکھ کر خوش ہوں، لیکن شاید یہ لوگ اسی طرح ماب لنچنگ، گھروں کو مسمار کرنے اور بی جے پی کی منافرت سے متاثرہ افراد کے لیے آواز اٹھا سکتے ہیں کہ ان لوگوں کو انڈین شہری ہونے کے ناطے تحفظ دیا جائے۔‘ پروفیسر علی خان نے لکھا: ’دو خواتین فوجیوں کے ذریعے معلومات دینے کا نظریہ اہم ہے لیکن اس نظریے کو حقیقت میں بدلنا چاہیے، نہیں تو یہ محض منافقت ہے۔‘ تاہم پروفیسر علی خان نے اپنی پوسٹ میں انڈیا کے تنوع کی تعریف کی ہے۔انھوں نے لکھا: ’عام مسلمانوں کو درپیش زمینی حقیقت اس سے مختلف ہے جو حکومت دکھانے کی کوشش کر رہی ہے۔لیکن ساتھ ہی یہ پریس کانفرنس (کرنل صوفیہ اور ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ کی پریس بریفنگ) سے پتہ چلتا ہے کہ انڈیا تنوع میں یگانگت کی سوچ پر عمل پیرا ہے اور ایک خیال کے طور پر یہ ابھی پوری طرح سے مرا نہیں ہے۔‘ پروفیسر علی خان نے اپنی پوسٹ کے آخر میں انڈین جھنڈے کے ساتھ ’جے ہند‘ لکھا ہے۔

### پروفیسر علی خان کی اہلیہ اور وکیل نے کیا کہا؟

پروفیسر علی خان محمود آباد کی گرفتاری کے بارے میں جاننے کے لیے بی بی سی نے ان کی اہلیہ سے بات کی ہے۔ پروفیسر علی خان کی اہلیہ عنائزہ نے بی بی سی کو بتایا ہے کہ ’صبح تقریباً ساڑھے چھ بجے پولیس کی ایک ٹیم اچانک ہمارے گھر پہنچی اور پروفیسر علی خان کو بغیر کوئی اطلاع دیے اپنے ساتھ لے گئی۔‘ عنائزہ نے کہا کہ ’میں نو ماہ کی حاملہ ہوں، جلد ہی ڈلیوری ہونے والی ہے۔ میرے شوہر کو بغیر کسی ٹھوس وجہ کے زبردستی گھر سے لے جایا گیا ہے۔‘ دریں اثنا پروفیسر علی خان محمود آباد کے وکلا کی ٹیم کے ایک وکیل نے بی بی سی کو بتایا کہ ’ہم یہ فرض کر رہے ہیں کہ انھیں گرفتار کرلیا گیا ہے اور انھیں ٹرانزٹ ریمانڈ پر سونی پت لے جایا جا رہا ہے۔ انھیں وہاں کی مقامی عدالت میں پیش کیا جا سکتا ہے۔ ابھی ہم مزید معلومات اکٹھی کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔‘ ہریانہ پولیس نے پروفیسر علی خان محمود آباد کی گرفتاری کی تصدیق کی ہے۔خبر رساں ایجنسی پی ٹی آئی کے مطابق پولیس نے انھیں فوج کے ’آپریشن سندور‘ پر تبصرہ کرنے پر گرفتار کیا ہے۔

### سوشل میڈیا پر گرما گرم بحث

پروفیسر علی خان محمود آباد کی گرفتاری کے بعد سوشل میڈیا پر کئی معروف لوگوں نے ردعمل کا اظہار کیا ہے۔سوراج ابھیان کے شریک بانی یوگیندر یادو نے کہا کہ پروفیسر علی خان کی گرفتاری چونکا دینے والی ہے۔علی خان محمود آباد کی پوسٹ شیئر کرتے ہوئے یوگیندر یادو نے ایکس پر لکھا: ‘اس پوسٹ کو پڑھیں اور اپنے آپ سے پوچھیں کہ اس میں عورت مخالف کیا ہے؟ یہ پوسٹ کس طرح مذہبی منافرت پھیلا رہی ہے؟ اور یہ انڈیا کے اتحاد، سالمیت اور خودمختاری کو کیسے خطرے میں ڈال رہی ہے؟ (ایف آئی آر میں انڈین جسٹس کوڈ کی دفعہ 152)) پولیس ایسی شکایت کی بنیاد پر کیسے کارروائی کرسکتی ہے؟ یوگیندر یادو نے یہ بھی لکھا: ‘یہ بھی پوچھیے کہ کیا مدھیہ پردیش کے اس وزیر کے خلاف کوئی کارروائی ہوئی جس نے درحقیقت کرنل صوفیہ کی توہین کی ہے؟ مورخ رام چندر گوہا نے پروفیسر علی خان کی گرفتاری کی خبر کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے لکھا: ‘جمہوریت کی ماں۔ مصنف اور دہلی یونیورسٹی کے پروفیسر اپوروانند نے کہا کہ ‘ہریانہ پولیس نے علی خان محمود آباد کو غیر قانونی طور پر گرفتار کیا ہے۔ پروفیسر اپوروانند نے ایکس پر لکھا: ‘ہریانہ پولیس نے ڈاکٹر علی خان کو غیر قانونی طور پر گرفتار کیا ہے۔ انھیں دہلی سے بغیر ٹرانزٹ ریمانڈ کے ہریانہ لے جایا گیا۔ رات 8 بجے ایف آئی آر درج کی گئی اور پولیس اگلی صبح 7 بجے ان کے گھر پہنچ گئی! انھوں نے اس معاملے میں دہلی ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ سے مداخلت کا مطالبہ کیا ہے اور پربیر پورکایستھ کیس میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا ذکر کیا ہے۔دوسری طرف راشٹریہ جنتا دل (آر جے ڈی) کے ایم پی منوج کمار جھا نے بھی علی خان محمود آباد کی گرفتاری کے بارے میں پوسٹ کرتے ہوئے لکھا: ’حقیقی جمہوریت وہ ہے جہاں آپ اپنی رائے کا اظہار کرنے پر ’بند‘ نہ کر دیے جائیں۔ ترنمول کانگریس سے رکن پارلیمان مہوا موئترا نے پروفیسر علی خان کی گرفتاری کے خلاف عدالت جانے کی بات کہی۔ انھوں نے لکھا کہ ’علی خان محمود آباد انڈیا کے نامور سکالرز میں سے ایک ہیں جن کی عالمی پہچان ہے۔ اگر انھیں کمی ماوس جیسے الزام میں گرفتار کر کے جیل بھیج دیا گیا ہے تو یہ صرف ان کے نام کی وجہ سے ہے۔‘ دریں اثنا ‘دی ہندو اخبار کی صحافی سوہاسنی حیدر نے کہا کہ پروفیسر علی خان کی پوسٹ امتیازی سلوک سے متعلق تھی۔ انھوں نے کہا: ‘انھیں گرفتار کرلیا گیا ہے، جب کہ ایک وزیر نے اس معاملے پر فرقہ وارانہ تبصرہ کیا اور وہ آزاد گھوم رہا ہے۔اس سے پہلے 1203 لوگوں نے ہریانہ سٹیٹ ویمن کمیشن کے سمن کے خلاف پروفیسر علی خان کی حمایت میں ایک خط جاری کیا تھا۔اس خط کے ذریعے ان لوگوں نے ہریانہ سٹیٹ ویمن کمیشن سے مطالبہ کیا کہ وہ ‘سمن واپس لے اور پروفیسر علی خان محمود آباد سے عوامی طور پر معافی مانگے۔جبکہ کئی صارفین نے ان کے آباؤ اجداد کا ذکر کیا ہے جو تحریک آزادی میں ایک زمانے پاکستان کے قیام کے لیے جدوجہد کرنے والی سیاسی پارٹی مسلم لیگ سے قریب تھے۔سکرول کے مدیر نریش فرنانڈیز نے ششی تھرور، اسدالدین اویسی اور پرینکا چترویدی کو ٹیگ کرتے ہوئے لکھا کہ ‘دنیا کا دورہ کرنے والے آل پارٹی مندوب کس طرح سے اس گرفتاری کی دنیا کو وضاحت پیش کریں گے؟ اس کے ساتھ ہی ان لوگوں نے اشوکا یونیورسٹی سے اپنے پروفیسر کے ساتھ کھڑے ہونے کی اپیل کی لیکن جب اشوکا یونیورسٹی نے اس معاملے سے علیحدگی کا اعلان کیا اس کے بعد سے وہ ٹاپ ٹرینڈز میں شامل ہے۔ دہلی یونیورسٹی سے وابستہ تاریخ کی استاد ڈاکٹر روچیکا شرما نے ایکس پر لکھا: ‘اشوکا یونیورسٹی نے خود کو اپنے ہی گرفتار ہونے والے فیکلٹی سے دور کرلیا۔ کیسا مذاق ہے۔ اگر آپ ریاست کے دباؤ میں اپنی فیکلٹی کا ساتھ نہیں دے سکتے تو براہ کرم اپنے آپ کو ‘لبرل آرٹس یونیورسٹی کہنا چھوڑ دیں۔

### پروفیسر علی خان کون ہیں؟

پروفیسر علی خان اشوکا یونیورسٹی، ہریانہ میں اسوسی ایٹ پروفیسر ہیں۔ یہ ایک پرائیویٹ یونیورسٹی ہے۔علی خان محمود آباد علم سیاسیات اور تاریخ کے پروفیسر ہیں۔ وہ شعبہ سیاسیات یعنی پولیٹیکل سائنس شعبے کے سربراہ بھی ہیں۔علی خان محمود آباد کی فیس بک پروفائل کے مطابق وہ اتر پردیش کے محمود آباد کے رہائشی ہیں۔اشوکا یونیورسٹی کی آفیشل ویب سائٹ پر دی گئی معلومات کے مطابق انھوں نے امریکہ کے ایمہرسٹ کالج سے تاریخ اور سیاسیات میں گریجویشن کیا ہے۔اس کے بعد انھوں نے دمشق یونیورسٹی شام سے ایم فل کیا۔ اس عرصے میں انھوں نے نہ صرف شام بلکہ لبنان، مصر اور یمن کا بھی سفر کیا اور کچھ وقت ایران اور عراق میں بھی گزارا۔ انھوں نے کیمبرج یونیورسٹی، انگلینڈ سے پی ایچ ڈی مکمل کی تھی۔اپنے انسٹاگرام اور ایکس پروفائل میں علی خان محمود آباد نے خود کو سماج وادی پارٹی کا لیڈر بتایا ہے۔ ان کے انسٹاگرام اور فیس بک ٹائم لائن پر پارٹی سربراہ اور ریاست اتر پردیش کے سابق وزیر اعلی اکھلیش یادو کے ساتھ ان کی کچھ تصاویر بھی ہیں۔تاہم اس معاملے پر نہ تو سماج وادی پارٹی اور نہ ہی اکھلیش یادو نے کوئی ردعمل ظاہر کیا ہے۔

(بی بی سی اُردو سروس)

# ’پاکستان کے بجائے جہنم جانا پسند کروں گا‘

## جاوید اختر کا بیان جس نے پاکستانیوں کو پھر سے ناراض کر دیا



**تابندہ کوکب**

’اگر یہی آخری صورت ہو کہ مجھے جہنم میں جانا ہے یا پاکستان میں تو میں نرکھ (جہنم) میں جانا پسند کروں گا۔‘ یہ وہ جملہ ہے جس نے انڈیا کے مشہور مصنف ونغمہ نگار جاوید اختر کو سوشل میڈیا صارفین کی طنز وملامت کا مرکز بنا رکھا ہے۔ یوں تو جاوید اختر کے متنازع بیانات اور ان پر انڈیا اور پاکستان دونوں میں شدید ردِعمل نئی بات نہیں لیکن حال ہی میں دونوں ملکوں کے درمیان ایک مختصر جنگ کے بعد ان کے اس بیان نے شاید سوشل میڈیا صارفین کے جذبات کے لیے جلتی پر تیل کا کام کیا۔سوشل میڈیا پر جاوید اختر کے تازہ وائرل کلپ میں انھیں یہ کہتے سنا جا سکتا ہے کہ انڈیا اور پاکستان دونوں ممالک کے لوگ انھیں برا بھلا کہتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ’اس طرف (پاکستان) کے لوگ مجھے کافر کہتے ہیں اور کہتے ہیں جہنم میں جاؤ گے اور اس طرف (انڈیا) کے لوگ مجھے دہشتگرد کہتے ہیں اور کہتے ہیں پاکستان چلے جاؤ۔‘ اس کے بعد انھوں نے وہ کہا جس کی وجہ سے وہ شدید تنقید کا نشانہ بنے ہوئے ہیں۔انھوں نے آخری آپشن کے طور پر جہنم کو پاکستان پر ترجیح دی۔

### سوشل میڈیا صارفین ناراض

جاوید اختر کے اس بیان پر پاکستان صارفین کا غصہ گویا ساتویں آسمان پر تھا اور انھوں نے جاوید اختر کو غصے میں یہی کہا کہ ’آپ نے بہترین انتخاب کیا۔‘ فرزانہ نامی صارف کا کہنا تھا ’جاوید اختر اس طرح مظلوم انسان کا کردار کیسے ادا کر سکتے ہیں کہ دونوں طرف کے لوگ مجھے گالیاں دیتے ہیں۔‘ انھوں نے ایک تصویر پوسٹ کی جو جاوید اختر کے دورہِ پاکستان کی تھی اور پاکستانی فنکار اور مداح انھیں گھیرے ہوئے ہیں۔ فرزانہ نے لکھا کہ ’یہاں ان کی ایک تصویر ہے جس میں وہ جہنم سے بھی بدتر جگہ پر لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ آپ کے دل میں جتنا زہر ہے جہنم آپ کو پہلے منتخب کرے گی۔‘ ایک پاکستانی صارف زمر نے لکھا کہ ’جاوید اختر کو وہاں جانا چاہیے جہاں جانے کی انھیں خواہش ہے۔ انھیں پاکستان جیسی جنت میں آنے کا کوئی حق نہیں۔‘ کچھ پاکستانی تو اتنے ناراض ہیں کہ وہ چاہتے ہیں کہ جاوید اختر کے پاکستان آنے پر ہی پابندی لگ جائے۔ ایسی ہی ایک صارف ثمینہ قاسم کا کہنا تھا کہ ’میری ارباب اختیار، عسکری قیادت اور پاکستانی قوم سے گزارش ہے کہ اس شخص کو کبھی پاکستان میں گھسنے نہ دیا جائے۔ یہ پاکستان سے نفرت کرنے والے شخص ہیں۔ ان کی شاعری پر بھی پاکستان میں پابندی عائد کردینی چاہیے۔‘ شجاعت علی نامی صارف کا کہنا تھا کہ ’آپ نے سچ کہا آپ بلاواسطہ طور پر انڈیا کی جانب اشارہ کر رہے ہیں کیونکہ آپ شاعر ہیں۔‘ ایک صارف نے شبانہ اعظمی کا ایک پرانا انٹرویو کلپ شیئر کیا جس میں ان سے پوچھا گیا کہ انھوں نے ایسا کیوں کہا کہ ’انڈیا ایک سیکولر سٹیٹ نہیں‘ تو اس پر شبانہ اعظمی جواب دیتی ہیں کہ ’میں ممبئی میں ایک فلیٹ خریدنا چاہتی تھی اور یہ مجھے نہیں دیا گیا کیونکہ میں مسلمان ہوں۔‘ اسی کلپ کے ساتھ فہیم احمد نامی صارف نے لکھا کہ مسلمان ہونے کی وجہ سے جاوید اختر اور شبانہ اعظمی ایک اپارٹمنٹ نہیں خرید سکے۔ جاوید اختر کو جہنم میں رہنے کی عادت ہے۔ اس لیے حیرت کی بات نہیں اگر وہ اب جہنم میں ہی رہنے کا انتخاب کرتے ہیں۔‘ کچھ لوگ اس بات پر ناراض ہیں کہ انڈیا کے فنکار پاکستان سے متعلق متنازع بیانات دیتے ہیں لیکن انھیں ہمیشہ پاکستان میں عزت دی جاتی ہے۔ ماضی کی مثالوں کے پیشِ نظر شبنم نامی صارف کا کہنا تھا کہ ’ایسے لوگ مزید نفرتیں پیدا کرتے ہیں لیکن بدقسمتی سے جب ایسے لوگ پاکستان آتے تو پھولوں کے ہار نچھاور کیے جاتے۔‘ احمد علی بٹ سمیت کچھ پاکستانی فنکاروں سمیت بیشتر صارفین کے تبصرے اس قدر ناراضی سے بھرے ہیں کہ ان کے الفاظ قابلِ اشاعت نہیں۔ تاہم اداکارہ اور میزبان مشی خان سمیت کچھ لوگ یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ جاوید اختر کے پاکستان آنے پر آؤ بھگت کرنے والے لوگوں کو بھی ’ان کے ساتھ بھیج دینا چاہیے۔‘ باسط سبحانی نامی صحافی نے لکھا کہ ’دانشور اس وقت اپنا وقار کھو بیٹھتے ہیں جب وہ ان سیاست دانوں کی طرح بات کرنا شروع کر دیتے ہیں جنھیں اپنے ووٹ بینک قائم رکھنے کے لیے نفرت انگیز بیانات دینے پڑتے ہیں۔ جاوید اختر صاحب آپ نے اپنے معیار سے گری بات کہہ کر کیا حاصل کیا؟‘

### جاوید اختر کے ماضی کے متنازع بیانات

جاوید اختر کے بیانات اور پھر ان پر کی جانے والی تنقید نئی بات نہیں۔ ہر تھوڑے عرصے بعد ان کا کوئی بیان کسی نئے تنازع کی وجہ بن جاتا ہے۔ انڈین چینلز اور تقریبات میں ان کے بیانات کے بارے میں تبصرے تو ہوتے ہی رہتے ہیں لیکن سنہ 2023 میں جاوید اختر پاکستان آئے تو ایک تقریب میں ان کا ممبئی حملوں سے متعلق بیان بھی اچھی خاصی تنقید کا باعث بنا۔ جاوید اختر نے کہا تھا کہ ‘ہم بمبئی کے لوگ ہیں ہم نے دیکھا ہمارے شہر پر کیسے حملہ ہوا تھا، وہ لوگ ناروے سے تو نہیں آئے تھے، نہ مصر سے آئے تھے۔۔۔ وہ لوگ ابھی بھی آپ کے ملک میں گھوم رہے ہیں۔ تو یہ شکایت ہندوستانیوں کے دل میں ہو تو آپ کو بُرا نہیں ماننا چاہیے۔ لاہور میں منعقدہ فیض فیسٹول میں ایک خاتون نے جاوید اختر سے سوال کیا تھا کہ آپ کئی بار پاکستان آ چکے ہیں اور آپ دیکھ چکے ہیں کہ پاکستان بہت دوستانہ، مثبت سوچ رکھنے اور محبت والا ملک ہے لیکن انڈیا میں ہمارا تصور اتنا اچھا نہیں۔ اس پر جاوید اختر نے کہا کہ ’آپ جو کہہ رہیں ہیں اس میں بہت سچائی ہے اور یہ بہت دکھ کی بات ہے کہ لاہور اور امرتسر کے درمیان 30 کلومیٹر کا فاصلہ ہے اور اس کے باوجود ان دونوں شہروں اور ملکوں کے لوگوں میں ایک دوسرے کے بارے میں جو لاعلمی ہے وہ حیرت انگیز ہے۔ یہ مت سوچیں کہ آپ انڈیا کے بارے میں سب کچھ جانتے ہیں یا میں یہ نہیں کہوں گا کہ میں پاکستان کے بارے میں سب کچھ جانتا ہوں۔ یہ لاعلمی دونوں طرف ہے۔‘ اس وقت بھی بہت صارفین کا خیال تھا کہ اس پلیٹ فارم کو اس نوعیت کی گفتگو کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے تھا۔ اس سے پہلے سنہ 2022 میں بھی جاوید اختر کا ایک بیان انڈیا میں تنازع کا باعث بنا۔ انھوں نے اپنی ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نریندر مودی پر تنقید کرتے ہوئے کہا تھا کہ ’انھوں نے صدر سے ملاقات کے دوران اس ’غیر واضع‘ خطرے کا تو ذکر کیا جو انھیں چند روز قبل خود لاحق ہوا تھا لیکن انھوں نے اس وقت ایک لفظ بھی نہیں کہا جب انڈیا کے 20 کروڑ مسلمانوں کو ختم کرنے کی کھلے عام دھمکی دی جا رہی تھی۔‘ اس سے پہلے 2021 میں بھی شدت پسندی کے حوالے سے ان کا ایک بیان تنازع کا باعث بنا تھا۔ اس وقت انھوں نے ہر مذہب میں شدت پسندی کی موجودگی پر اظہارِ خیال کیا تھا۔ انھوں نے کہا تھا کہ ’جس طرح طالبان ایک اسلامی ریاست چاہتے ہیں، اُسی طرح ایسے لوگ بھی ہیں جو ہندو راشٹر چاہتے ہیں۔ یہ تمام لوگ ایک ہی نظریے سے تعلق رکھتے ہیں، چاہے وہ مسلمان ہوں، عیسائی ہوں، یہودی یا ہندو۔‘

### فنکار انڈیا پاکستان کشیدگی کی لپیٹ میں

انڈیا پاکستان کی کشیدگی ہو تو دونوں ملکوں کی فوجیں، سیاست دان اور عوام تو اس میں بالواسطہ یا بلاواسطہ شامل ہوتے ہی ہیں لیکن بظاہر امن اور تفریح کا باعث بننے والے فنکار بھی اس سے دور نہیں رہ سکتے۔ پاکستان اور انڈیا کی جانب سے نہ صرف فلموں، ڈراموں کی ایک دوسرے کے ملک میں نشر و اشاعت روک دی جاتی ہے بلکہ اب سوشل میڈیا کے دور میں کئی فنکاروں کے اکاؤنٹس بھی بلاک کر دیے جاتے ہیں۔ مجموعی طور پر فنکاروں کا خیال ہے کہ انٹرٹینمنٹ انڈسٹری کو سیاسی وعسکری تنازعات کا شکار نہیں ہونا چاہیے تاہم انڈیا اور پاکستان کے درمیان جنگی صورتحال میں گئی بلکہ فنکار بھی خود کو اظہارِ خیال سے نہ روک پائے۔ پہلے تو انڈیا میں پاکستانی اداکاروں کی فلموں کی نمائش روک دی گئی بلکہ پاکستانی انٹرٹینمنٹ چینلز اور اداکاروں کے اکاؤنٹس بھی بلاک کیے گئے۔ فواد خان کی فلم ’عبیر گلال‘ کی ہیروئین وانی کپور کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے بھی فلم کی پروموشن سے متعلق تمام مواد ڈیلیٹ کر دیا گیا۔ پاکستانی اداکارہ ماورا حسین کی فلم ’صنم تیری قسم‘ کے ہیرو ہرشوردھن نے فلم کے سیکوئیل میں اداکارہ کے ساتھ کام کرنے سے انکار کر دیا۔ فنکار ایسے تنازعات سے کیسے دور رہ سکتے ہیں؟ اس بارے میں پاکستان میں میڈیا تجزیہ کار آمنہ عیسانی کا کہنا تھا ’جہاں تک جاوید اختر کا تعلق ہے وہ ہمیشہ سے پاکستان کے بارے میں نفرت انگیز بیانات دیتے رہے ہیں۔ ماضی میں پاکستان میں ہونے والی تقریبات اور دبئی میں ریختہ کی محفلوں میں وہ پاکستان مخالف تلخ باتیں کہتے رہے ہیں۔ اس لیے ان کی جانب سے ایسا بیان حیران کن نہیں تھا۔‘ ان کا کہنا تھا کہ ’پاکستان اور انڈیا کے درمیان حالیہ کشیدگی میں فنکاروں کا خود کو اس سے الگ رکھنا مشکل ہو گیا۔‘ ’آج سے 20 یا 25 سال پہلے فنکار اپنے فن تک محدود تھے چاہے وہ فلم ہو، ٹی وی یا موسیقی لیکن اب ان کی ایک سوشل میڈیا فالوونگ ہے جہاں لوگ چاہتے ہیں کہ وہ مخصوص معاملات پر اپنا اظہارِ خیال کریں۔‘ ان کا کہنا تھا کہ ’سوشل میڈیا کی نہ کوئی حد ہے اور نہ سرحد اور فنکار بھی عموماً اپنی رائے دیتے رہتے ہیں‘ تاہم آمنہ عیسانی کا کہنا تھا کہ حالیہ کشیدگی میں پاکستانی فنکاروں اور عوام نے قدرے ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ’دروازے کھلے رکھنے چاہیے۔ اتنی گنجائش رکھنی چاہیے کے جب حالات ٹھیک ہوں تو کوئی آپ کے ساتھ بیٹھ کر بات کر سکے اور میرے خیال میں جاوید اختر نے اپنے لیے وہ گنجائش ختم کر دی۔‘

(بی بی سی اُردو سروس)


महाराष्ट्र शासन

**तंत्रशिक्षण संचालनालय, महाराष्ट्र राज्य, मुंबई**

३, महापालिका मार्ग, पत्र पेटी क्र.१९६७, मुंबई ४०० ००१

क्रमांक: १०/तंशिसं/पदविका प्रवेश वेळापत्रक/दहावी नंतरचे प्रथम वर्ष पदविका/२०२५/१७४ दिनांक : १९/०५/२०२५

**शैक्षणिक वर्ष २०२५-२६ करीता प्रथम वर्ष पोस्ट एसएससी (दहावी नंतरचे) पदविका अभियांत्रिकी व तंत्रज्ञान / वास्तुकला अभ्यासक्रम प्रवेशासाठीचे वेळापत्रक**

महाराष्ट्र शासन राजपत्र (असाधारण) दि ०५ जुलै, २०१८ मध्ये प्रकाशीत केलेल्या अधिसूचना क्र. २३२ ला अनुसरून, उच्च व तंत्रशिक्षण विभाग यांनी शासन निर्णय क्रमांक संकीर्ण-२०१९/(प्र.क्र.०६/१९)/तांशि-५ दि. ०६ फेब्रुवारी, २०१९ अन्वये तंत्रशिक्षण संचालनालय, महाराष्ट्र राज्य यांच्या कार्यक्षेत्रात असलेल्या पदविका अभ्यासक्रमांच्या प्रवेश प्रक्रियेशी संबंधीत बाबींची अंमलबजावणी करण्याकरीता संचालक, तंत्रशिक्षण हे सक्षम प्राधिकारी आहेत.

शैक्षणिक वर्ष २०२५-२६ करीता तीन वर्ष कालावधीच्या, पुर्णवेळ पोस्ट एसएससी पदविका अभियांत्रिकी व तंत्रज्ञान / वास्तुकला अभ्यासक्रम राबविणाऱ्या महाराष्ट्र राज्यातील शासकीय, अशासकीय अनुदानित, विद्यापीठ संचालित व खाजगी विनाअनुदानित पदविका शैक्षणिक संस्थांच्या प्रथम वर्षाच्या प्रवेशप्रक्रियेसाठी ऑनलाईन नोंदणी करणे, कागदपत्रांच्या स्कॅन छायाप्रती अपलोड करणे, कागदपत्रे पडताळणी करणे आणि अर्ज निश्चित करणे या प्रक्रियेच्या माहितीसाठी ही सूचना प्रसिद्ध करण्यात येत आहे.

प्रवेशासाठी ऑनलाईन नोंदणी:-

१.१ उमेदवारांनी वेळापत्रकानुसार **https://poly25.dtemaharashtra.gov.in/** या संकेतस्थळावर ऑनलाईन अर्ज सादर करावेत. उमेदवार मोबाईलद्वारे Android किंवा IOS स्टोअर वर जाऊन "DTE-Diploma Admission" हे ॲप डाऊनलोड करुन त्याद्वारेदेखील अर्ज भरुन निश्चित करु शकतात..

१.२ ऑनलाईन पद्धतीने क्रेडिट कार्ड / डेबिट कार्ड / UPI /नेट बँकिंगद्वारे उमेदवारांना खाली नमूद केलेले अर्ज शुल्क भरणे आवश्यक आहे. (कोणत्याही अन्य पद्धतीने शुल्क भरण्यासाठी परवानगी दिली जाणार नाही) भरलेले अर्ज शुल्क ना - परतावा पद्धतीचे आहे.

| | |
|---|---|
| महाराष्ट्र राज्यातील सर्वसाधारण प्रवर्ग, महाराष्ट्र राज्याबाहेरील (OMS), जम्मू व काश्मीर संघराज्य क्षेत्र आणि लडाख संघराज्य क्षेत्र मधून विस्थापित उमेदवार | • ४००/- |
| फक्त महाराष्ट्र राज्यातील राखीव प्रवर्ग उमेदवार [SC, ST, VJ/DT- NT(A), NT(B), NT(C), NT(D), OBC, SBC, SEBC, EWS] आणि दिव्यांग उमेदवार | • ३००/- |

महाराष्ट्र राज्य / अखिल भारतीय / जम्मू-कश्मीर व लडाख विस्थापित उमेदवारांसाठी प्रवेश प्रक्रियेचे टप्पे आणि नियोजित तारखा खालीलप्रमाणे आहेत.

| अनु. | प्रक्रिया | वेळापत्रक | |
|---|---|---|---|
| | | सुरुवात तारीख | अंतिम तारीख |
| १. | प्रवेशप्रक्रियेसाठी उमेदवारांद्वारे संकेतस्थळावरुन अर्ज छाननीची योग्य पद्धत (ई-स्क्रूटनी पध्दत किंवा प्रत्यक्ष स्क्रूटनी) निवड करुन ऑनलाईन नोंदणी करणे, कागदपत्रांच्या स्कॅन छायाप्रती अपलोड करणे. (महाराष्ट्र राज्य / अखिल भारतीय / जम्मू-कश्मीर व लडाख विस्थापित उमेदवारांसाठी) | २०-०५-२०२५ | १६-०६-२०२५ |
| २. | प्रवेशासाठी कागदपत्रांची पडताळणी आणि अर्ज भरल्याची निश्चिती करणे. | २०-०५-२०२५ | १६-०६-२०२५ |
| ३. | महाराष्ट्र राज्य / अखिल भारतीय / जम्मू-कश्मीर व लडाख विस्थापित उमेदवारांसाठी संकेतस्थळावर तात्पुरत्या गुणवत्ता याद्या प्रदर्शित करणे. | १८-०६-२०२५ | |
| ४. | सर्व प्रकारच्या उमेदवारांसाठी: तात्पुरत्या गुणवत्ता याद्यामध्ये तक्रार, असल्यास त्या सादर करणे. | १९-०६-२०२५ | २१-०६-२०२५ |
| ५. | महाराष्ट्र राज्य / अखिल भारतीय / जम्मू-कश्मीर व लडाख विस्थापित उमेदवारांसाठी संकेतस्थळावर अंतिम गुणवत्ता याद्या प्रदर्शित करणे. | २३-०६-२०२५ | |

उमेदवारांनी पात्रता निकष, प्रवेश नियम, माहिती पुस्तिका, तपशीलवार वेळापत्रक आणि उमेदवारांसाठी सविस्तर सूचना इत्यादींच्या माहितीसाठी तंत्रशिक्षण संचालनालयाच्या संकेतस्थळावर भेट द्यावी. कॅपच्या विविध फेरींकरिता विकल्प अर्ज (ऑप्शन फॉर्म) भरणे, कॅप जागावाटप, जागास्वीकृती करणे, उमेदवाराने वाटप केलेल्या संस्थेमध्ये उपस्थित राहणे. संस्थास्तरावरील जागांचे प्रवेश, प्रवेशाची अंतिम तारीख इत्यादींबाबतचे पुढील वेळापत्रक अंतिम गुणवत्ता यादी जाहीर झाल्यानंतर घोषित केले जाईल आणि ते **https://poly25.dtemaharashtra.gov.in/** या संकेतस्थळावर प्रसिद्ध करण्यात येईल.

मदतकक्ष क्रमांक **+91 76691 00257 / 18003132164** सकाळी १०.०० ते संध्याकाळी ६.०० या वेळेत सुरु असतील.

सही/

( डॉ. विनोद मोहितकर )

संचालक, तंत्रशिक्षण संचालनालय

महाराष्ट्र राज्य, मुंबई


## اسکیٹنگ مقابلے میں محمّد زین کو گولڈ میڈل




کنوٹ: 20 رمئی (اکرم چوہان): جئے اسکیٹنگ اکیڈمی کی طرف سے لیے گئی سپیڈ اسکیٹنگ چمپینشپ (2025 یوت محل) کے مقابلے میں کنوٹ کے محمّد زین شبیر خان نے ضلعی سطح پر انڈر 12 میں پہلا مقام حاصل کر گولڈ میڈل حاصل کیا۔ محمد زین نے کم عمر میں ہی اسکیٹنگ میں کو ہنر کر دکھایا جو کہ سبکے بس کی بات نہیں ہوتی، اس سے پہلے بھی محمد زین نے ناندیڑ ضلع سطح پر اس طرح کے مقابلے میں کامیابی حاصل کی تھی اور آگے کے کھیل کے لیے لاتور کے مقابلے میں بھیجنا چاہیے تھا، مگر کچھ سازشوں کی وجہ سے محمد زین کو روک دیا گیا اور کسی اور کو آگے کر دیا گیا، اتنی کم عمری میں اس کامیابی پر سبھی طرف سے مبارکباد دی جا رہی ہے۔


# जाहिर प्रगटन

मा. तहसिलदार तथा तालुका दंडाधिकारी नांदेड यांचे न्यायालयात

ई. को. फो. अर्ज क्रमांक 1503-2024

अर्जदार शबाना बेगम शकील अहेमद वय 47 वर्षे रा. रा. कसाबपुरा लक्कडगंज, व्ही.टी.सी अकोला ता. जि. नांदेड

**विरुद्ध**

गैर अर्जदार आयुक्त, नांदेड वाघाळा शहर महानगरपालिका नांदेड

विषय : जन्म नोंद घेणे बाबत

ज्या अर्थी, सर्व जनतेस कळविण्यात ये ते की, उपरोक्त अर्जदार नामे शबाना बेगम शकील अहेमद वय 47 वर्षे रा. रा. कसाबपुरा लक्कडगंज, व्ही.टी.सी. अकोला ता. जि. नांदेड यांनी न्यायालयात हजर राहून जन्म मृत्यू नोंदणी कायदा 2023 अन्वये दिनांक ० रोजी नोंद घेण्यासाठी ई. को. फो. अर्ज क्रमांक 1503-2024 दाखल केला आहे.

अर्जदार शबाना बेगम शकील अहेमद वय 47 रा. कसाबपुरा लक्कडगंज, व्ही.टी.सी. अकोला ता. जि. नांदेड ता. जि. नांदेड यांनी त्यांचा जन्म दिनांक 04.02.1976 रोजीची नोंद आयुक्त, नांदेड वाघाळा शहर महानगरपालिका नांदेड यांचेकडील अभिलेखात नमूद नाही.

त्याअर्थी, या जाहीर प्रगटनाव्दारे सर्व जनतेस व संबंधितास कळविण्यात येते की, वरील अर्जदार यांचे स्वतःची जन्माची नोंद घेण्यासाठी कोणाचा काही आक्षेप अथवा उज्र असल्यास त्यांनी नोटीस प्रसिध्द झाल्याच्या तारखेपासुन 30 दिवसाचे आत लेखी आक्षेप सक्षम सक्षम पुराव्यासह तहसिल कार्यालय नांदेड येथे कार्यालयीन वेळेत सादर करावा. विहीत मुदतीत आक्षेप प्राप्त न झाल्यास कोणाचाही आक्षेप नाही असे गृहित धरुन पुढील कार्यवाही करण्यात येईल

दिनांक 11/12/24 स्वाक्षरी

स्थळ तहसिलदार, नांदेड

